نور افشاں

حقیقی نور وہ تھا جو دنیا میں آ کے ہر ایک آدمی کو روشن کرتا ہے

جلد ۳۸	ہر ہفتہ بروز جمعہ لودیانہ سے شائع ہوتا ہے ۔ ۲۷ مئی [illegible]	نمبر ۲۱

مفید کتابیں! مفید کتابیں!! مفید کتابیں!!!

مشنروں کے واسطے

- مسیح کی تعلیم [illegible]
- [illegible]
- بائبل کی تواریخ [illegible]
- شاگرد کی [illegible] زندگی [illegible]
- [illegible]
- معجزات مسیح [illegible]
- [illegible]
- مسیح ابن اللہ [illegible]
- نجات کی تعلیم [illegible]
- تنویر الذہن فی فصاحت القرآن [illegible]
- مسیح کا [illegible]
- خاندانی [illegible]
- انجیل کے اقرارات [illegible]

- [illegible] تفسیریں [illegible]
- عیسائی مسافر کا [illegible]
- راہ زندگی [illegible]
- اصلاح تمدن [illegible]
- اصلاح اخلاق [illegible]
- [illegible]
- موازنہ مذاہب [illegible]
- تحقیقہ اسلام [illegible]
- [illegible]
- دین حق کی تحقیق [illegible]
- میزان الحق [illegible]
- کشف القرآن [illegible]
- کشف الحقائق [illegible]
- روح سے [illegible]
- طریق دعا [illegible]

- بائبل کس طرح [illegible]
- روحانی طاقت کے متعلق چند مسیحی خیالات [illegible]
- خدا کی ہستی [illegible]
- حقیقت مسیح [illegible]
- حیات مسیح [illegible]
- [illegible]
- انتخاب [illegible]
- مقابلہ اسلام [illegible]
- سیرت المسیح [illegible]
- بائبل کا الہام [illegible]
- گورنمنٹ [illegible]
- مسیح کے خاص [illegible] دوست [illegible]
- راہ نجات [illegible]
- راحت القلوب [illegible]

۳۳-عہد جدید ۸ر +
۳۴-حیات پولوس ۴ر +
۳۵-ہم کس طرح لوگوں کو مسیح کے پاس لاویں ۴ر +
۳۶-تاریخ مذہب ۸ر +
۳۷-تاریخ روم ۸ر +
۳۸-ایک چینی سیاح کا سفرنامہ ۸ر +
۳۹-مشاہیر عالم ۴ر +

۲-خاندان کیلئے کتابیں

۱-تاریخ مصر ۸ر +
۲-مرقعہ روس ۸ر +
۳-یروشلیم کے آخری ایام ۸ر +
۴-مارکوپولو-۸ر +
۵-سکندر اعظم ۴ر +
۶-یونانی تاریخ ۶ر +
۷-انگلستان کے خانگی حالات ۸ر +
۸-روستہ الکبرا ۱۶ر +
۹-سیر ہندوستان ۵ر +
۱۰-شہیدان کار تیج ۱۲ر +
۱۱-بشپ فرنچ کی سرگذشت ۳ر +
۱۲-بشپ پیٹرسن کی زندگی کے حالات قیمت ۸ر +
۱۳-چارلس ایچ-سپرجن کی سوانح عمری قیمت ار +
۱۴-ڈاکٹر جڈسن صاحب کی سرگذشت- قیمت ۳ر +
۱۵-جاپان کے حالات ۳ر و ۸ر +
۱۶-طلائی شمعدان ۴ر رومن اردو +
۱۷-رابنسن کروسو ۱۲ر +
۱۸-مرقع جاپان ۸ر +
۱۹-مونگے کا جزیرہ ۸ر +
۲۰-ویدوں کی تعلیم ۱۰ر +

۳-بچ کی تلاوت کیلئے کتابیں

۱-الیٹس رفیق صلیب ۸ر +
۲-تلاش حق اردو و رومن ۳ر ۶ر +
۳-راماپال سنگھ اردو ۴ر رومن ۸ر +
۴-شریف بیبیاں ۳ر ۶ر +
۵-سورج پرکاش ۶ر و ۱۲ر +
۶-عزت بیشال ۵ر و ۸ر +
۷-چندر لیلا ۲ر +
۸-ابن حور ۸ر +
۹-زرّیں ملک کی تلاش ۸ر +
۱۰-شعاع نور حصہ اول و دوم ۵ر
۱۱-چیلنی اور کرونا ۴ر +
۱۲-یوڈیاس اگا سٹے ۱۲ر +
۱۳-تارا کا احوال ۳ر +
۱۴-شاہزادہ بن داؤد حصہ اول و دوم ۱۰ر +
۱۵-کلیان اور بابا کا قصہ ۲ر +

۱-انجیل داؤد ۲ر و ۴ر +
۲-اصلاح حفظان صحت ار +
۳-زراعتی اصلاح ۱۰ر +
۴-صنعت اور دستکاری کی ترقی ۲ر +
۵-افلاس ہند کے قابل علاج واسباب ار
۶-آئینہ قرآن ۲ر +
۷-بیداری کے گیت-رومن ار +
۸-مسیح کی تعلیم-رومن اردو ۱۲ر +
۹-آپ کس درجے میں سفر کرتے ہیں ۲ پائی
۱۰-رسالہ اظہار الحق ار +
۱۱-مسیحی مذہب کی صداقت جو مسیح کی زندگی سے ظاہر ہوتی ہے- ۳ پائی +
۱۲-یسوع مسیح کون تھا-ار +
۱۳-حبشیوں کا آبائی وطن ۲ر +
۱۴-اسلام میں مسیح ½ار +
۱۵-خدائے اسلام- ۲ر +
۱۶-ینابیع القرآن- ۳ر +
۱۷-الکفارہ- ۹ پائی +
۱۸-قرین اسلام-ار +
۱۹-روس صاحب کے رسالے ۲۰ عدد قیمت فی عدد ۳ پائی +
۲۰-ینابیع الاسلام-۸ر +
۲۱-فوز التعلیم-۲ر +
۲۲-دولت لازوال-قیمت ۳ر و ۵ر ۸ر +
۲۳-چندر لیلا گورمکھی ۲ر +

یہہ کتابیں منیجر کرسچن بک سٹور لودیانہ سے بذریعہ وی-پی یا نقد قیمت پر ملسکتی ہیں-

نور افشاں

لودیانہ۔ جمعہ۔ ۲۷ مئی سنہ ۱۹۱۰ء

اخبار کی بہار

شہنشاہ ایڈورڈ ہفتم کی مرگ ناگہانی پر تمام ملک میں ماتم چھا گیا۔ اور تمام قوموں میں اظہار ماتم میں ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۰ء کو جو ملک معظم کی تجہیز و تکفین کا دن مقرر تھا شہر کے ہوٹلوں اور دکانات وغیرہ سے ماتم کی رسم ادا کی گئی۔ [illegible] کو کھولا گیا۔

بمعصر [illegible] سیلون [illegible] کا نامہ نگار لکھتا ہے کہ جب سے وہ دمدار ستارہ نکلا ہے تب سے چشموں اور نہروں کا پانی اس قدر کھاری ہو گیا ہے کہ بے شمار مچھلیاں مر کر پانی پر تیرتی آئیں۔ تعجب ہے کہ ستارہ سے ان کا کیا تعلق ہے؟

[illegible] بمبئی میں ایک عورت مع ایک چھوٹی لڑکی کے گاڑی پر سوار جا رہی تھی کہ لٹیروں نے گھیر لیا۔ کیونکہ عورت کے پاس خاص مال تھا۔ ... روپیہ کے جواہرات کے علاوہ زیورات تھے۔ عین وقت پر ایک انگریز کے پہونچنے سے پولیس کو خبر ہو گئی۔ عورت بچ گئی۔ ایک ملزم پکڑا گیا۔ اور ایک زخمی ہو کر بھاگ گیا جس کے پیچھے پولیس لگی ہوئی ہے۔

سکندرآباد و علاقہ نظام میں دھوبیوں نے ہڑتال کی ہوئی ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ان پر گھاٹ پر کپڑے دھونے کے لئے فی دھوبی ایک روپیہ ٹیکس لگایا گیا تھا۔ اب ان کی اپیل پر یہ انتظام ہو گیا ہے کہ فی پتھر ایک روپیہ ٹیکس لگایا جاوے۔ جس کے سبب سے وہ اب کام کرنے لگے ہیں۔

باکو (روس) میں مٹی کے تیل کا ایک بڑا بھاری کنواں ہے۔ جس میں آمد اور چڑھاؤ اسی طرح سے ہوتا ہے جس طرح سے سمندر میں جوار بھاٹا آتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کنوے کا تعلق سمندر کے ساتھ ہے۔

گوجرہ ریلوے سٹیشن پر اس زور شور سے ژالہ باری ہوئی اور بارش کے ساتھ بجلی بھی گری جس کے گرنے سے تین آدمی ہلاک ہو گئے اور تین زخمی ہو گئے۔

بیسلپور (پیلی بھیت) میں چار روز کا واقعہ ہے کہ دو شخصوں میں جھگڑا ہوا۔ اس پر بیٹے نے اپنے لڑکے کی حمایت کی اور خزانچی کے لڑکے کو زدوکوب کیا۔ دوسرے روز خزانچی نے بیٹے سے کہا کہ بھائی لڑکوں کا جھگڑا جب نہیں رہتا کیونکہ وہ لڑتے بھی ہیں اور پھر ایک بھی ہو جاتے ہیں۔ اس لئے تمہیں دخل دینا نہ چاہئے۔ اس پر دوسرے بیٹے نے پھر خزانچی کے لڑکے کو مارا۔ جب خزانچی اس کے گھر گیا اور بیٹے کو ایسا کرنے سے منع کرنے لگا تو بیٹے نے نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ خزانچی کی خوب مرمت کی پھر اس خزانچی کو بھی پیٹ لگایا۔ رات کے وقت چاقو سنبھال بیٹے کے گھر پہونچا اور بیٹے کے پیٹ میں تین چار زخم لگائے نیاتی سیوقت شفاخانہ بھیجا گیا۔ اور خزانچی صاحب داخل حوالات ہوئے۔

ہندوستان میں حضور شاہ جارج کی سنہ نشینی کا اعلان کیا گیا ہے۔ کارونیشن اگلے سال منایا جائیگا۔

۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۰ء کی شام کو تمام ہندوستان میں مرحوم شاہ ذیجاہ کے جنازے کی ماتم تعطیل ہوئی۔ قومی ماتم عظیم ہوا۔

ولایت کے امتحان بیرسٹری میں ۱۱ ہندی پاس ہوئے ۵ ہندو ۵ مسلمان اور ایک پارسی ہے۔

بنگالہ کی ایک [illegible] ولایت جاتی ہے۔ وہاں ایک انگریزی [illegible] سے بیاہ کرے گی۔ اخبار عام

ایک بنگالی جوان نے کلکتہ میں بٹن بنانے کا کارخانہ جاری کیا ہے۔ جو خاص خوشی کی بات ہے کاش کہ ہمارے ملک کے لوگ مختلف پیشوں کے کارخانے جاری کریں اور قوم کی بیکاری سے ملک کو نجات حاصل ہو۔

مہاراجہ پٹیالہ نے اپنی ریاست میں ایک ایسے کارخانہ کی بنیاد ڈالی ہے جس میں خالص دودھ اور مکھن تیار ہوا کریگا۔ مشینوں کے لئے ولایت آرڈر دیا گیا ہے۔ کارخانے کا نام ماڈل ڈیری فارم سے منسوب ہوگا۔ مشینوں کیلئے نہایت عمدہ جگہ تجویز کی گئی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ ہندوستان میں یہ کارخانہ اتفاقی ثابت ہوگا۔ (راجپوت گزٹ)

ریاست علیپور ریاستہائے مالوہ [illegible] کے موضع [illegible] میں ایک سخت مہلک واردات ہوئی تھی۔ گزشتہ دنوں وہاں کے واقعہ کے ساتھ وہاں کے کنوے کا پانی بگڑ گیا۔ اور شبہ تھا کہ کنوے کے پانی میں زہر ملا دیا گیا تھا۔ اس کا الزام ایک سی [illegible] پر لگایا گیا ہے اور وہ گرفتار کر لیا گیا ہے۔ [illegible] نے بڑے زور سے دعویٰ کیا کہ اس نے پانی کی اصلاح کی غرض سے مفید دوائی ڈالی تھی۔ اسکے [illegible] نے اس کنوے کا پانی منگوا کر پی لیا۔ اور وہ سخت بیماری کی حالت میں قریب المرگ ہو گیا۔ معلوم نہیں کہ سانپ نے زہر یا دوا کا کیا کام کیا۔ مگر وہ قابل حوالات ہے۔

اڈیٹوریل نوٹس

بلندی و پستی

ناظرین نور افشاں پیدائش ہر کہ خداوند مسیح کے مجسم ہونے میں دو باتیں ظاہر و پیدا معلوم ہوتی ہیں اول اس کی بلندی دوم اس کی پستی اور بلندی کے پھر اس بلندی پر پہنچنے کے لئے بنی جلال میں رونق افروز ہوا اور انجیل مقدس جو ایک مرجع ہے اس کی سرگذشت مفصل یوں بیان کر کے خوبی ظاہر کرتی ہے ہمارا ارادہ ہے کہ اس مضمون کو مختصرًا تشریح کر کے نور افشاں کے ذریعہ ناظرین پر بخوبی واضح کیا جاوے تاکہ پستی اور … خداوند یسوع مسیح کی عظمت اور بزرگی سے واقف ہوں اور وہ بیداری کہ … کو سمجھیں اور نجات کو جو صرف اکیلا ہی تمام عالم کے لئے ہے بخوبی حاصل کرنے کے لائق ہو جاویں۔

وجہ پیدا

انسان کا وجود خدا نے خلق کیا ہے گو خدا نے شروع میں ایک عجیب طور سے مٹی کا پتلا بنا کر اس میں زندگی کا دم پھونکا لیکن اسکے بعد اولاد کے سلسلے سے دنیا میں انسان کے پیدا ہونے کا کام جاری ہوا جو اب تک چلا آتا ہے لیکن چونکہ آدم کی نسل میں گناہ کا اثر سرایت کر گیا اور کوئی شخص کسی سبب سے بےگناہ اور پاک نہیں ٹھہر سکتا اور چونکہ آدم کا نقصان روحانی ہے … اور بےگناہ ہوا چاہیے اسلئے خدا نے نسل انسانی میں کسی کو اس لائق نہ پایا کہ وہ تنہا اس بھاری کام کو انجام دے سکتا اسلئے خدا کے بیٹے نے اپنے کلام کو دنیا میں مجسم کر دیا کہ خود شکل انسانی میں ظاہر ہو اور نجات کے جاری معاملے کو طے کرے اور گناہ کا کفارہ ہووے چنانچہ لکھا ہے کہ کلام مجسم ہوا اور وہ فضل و سچائی سے معمور ہو کے ہمارے درمیان رہا (یوحنا ۱: ۱۴)

چرچ مشنری سوسائٹی کا کام دنیا کے بہت سے ملکوں میں ہو رہا ہے شمالی امریکہ کنیڈا میں اس کا کام بہت پھیلا ہوا ہے اور اس کے علاوہ ملک افریقہ۔ ہندوستان۔ ایران۔ فلسطین۔ چین اور جاپان میں منتشر ہے اس کے … اسٹیشن ہیں اس کے متعلق ۱۳۹۴ مشنری ہیں جن میں سے ۴۰۵ کلرجی ہیں اور … ڈاکٹر ہیں اور ۵۰۰ دیسی کام کرنے والے ہیں جن میں ۴۱۹ کلرجی ہیں عیسائیوں کا شمار … ۵۵۳ ہے جس میں سے … ہر سال بپتسمہ پاتے ہیں اس سوسائٹی کے ۵۰ ہسپتال ہیں جن میں … سے زیادہ مریضوں کے پلنگ ہیں اسکے ۷ کالج ۲۵ ہائی اسکول اور ۲۳۰۰ سیکنڈری اسکول اور ۳ یتیم خانے اور ۵۰ بورڈنگ ہیں اور ۳۰۰۰ پرائمری اسکول ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ خدا اس سوسائٹی کے تمام کاموں پر اور زیادہ برکت بخشے۔

امریکہ کی … چرچ میں … سوسائٹی کی روز افزوں ترقی حیرت افزا ہے … سوسائٹی میں ۱۹۰۸ء میں تمام نئی عمارتیں بنائی گئی ہیں جن پر ۱۹۸۰۰۰ ڈالر خرچ آیا ہے۔ … ممبروں کے نام درج ہیں … سال ممبروں کا شمار … ۵۵۰۴ تھا۔ دس برس کے عرصہ میں اس سوسائٹی کی … ۲۲۰۰۰ ڈالر سے … ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ … کی توفیق اس ملک کو ہے جو دینی کاموں میں دل کھول کر خیرات کرتے ہیں اور اس سبب سے یہ ملک مالا مال ہے۔ کلام کی نصیحت ہے دو تو تم کو دیا جاویگا۔

ہم کو یہ دیکھ کر بہت تعجب ہوتا ہے کہ آجکل بعض ہمارے اہل شعور اور تعلیم یافتہ اسلام کے حامیان دین نے یہ طرز اختیار کی ہے کہ بعض انگریزوں کی شخصی اور نجی رایوں کو اپنے اپنے مذاہب کے سچا اور برحق ہونے کے لئے دلیل پیدا کرتے ہیں جو بالکل درست نہیں ہے کسی شخص کی اپنی رائے جس حال میں کہ وہ خود اس مذہب کا پیرو نہیں ہے اس مذہب کے لئے کہ جس کی وہ تعریف کرتا ہے صداقت کی کوئی اعلیٰ دلیل نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ … مطبوعہ ۵ مئی ۱۹۱۰ء میں "مذہب کی فضیلت" کے عنوان سے کسی مسٹر … کی رائے کا اظہار بڑے فخر سے کرتا ہے کہ … صاحب کے دینی خیال جو خود وہ بیان کرتے ہیں کہ کس قسم کا مذہبی شوق رکھنے والا شخص تھا اس جگہ وہ لکھتے ہیں … ایسے شخص کی رائے کچھ وقعت کے قابل نہیں ہو۔ اسی طرح … مطبوعہ … مئی ۱۹۱۰ء میں مسلم اور اخلاق کا تعلق۔ ایک مضمون لکھا ہے جس میں … صاحب کی عجیب رایوں کا ذکر کرتے ہیں جو انہوں نے اسلام کے بارے میں ظاہر کی ہیں اور … کی خوبیاں اسلام میں بتائی ہیں … فی الحقیقت یہ خوبیاں … اسلام کی خوفناک کارروائیاں پائی جاتی ہیں جو تاریخ کے … صفحات میں … نظر آتی ہیں … صاحب نے اسلام کی تاریخوں کا مطالعہ نہ کیا ہوگا۔

مقام جنیوا میں کیلون صاحب کی یادگار میں ایک … سیمنری … برس سے جاری ہے جس میں سے قریب … خادمان دین مختلف ملکوں کے تعلیم پا کر نکل چکے ہیں۔ فی الحال … دینی کلیسیاؤں میں … کرتے ہیں۔ اس سیمنری میں … مختلف … سے … فرانسیسی … جرمن … ہنگیرین … سوئس … وغیرہ داخل ہوتے ہیں۔ یہاں کے تعلیم یافتہ مشنری صاحبان دنیا کے تمام ملکوں میں کلام کی اشاعت کرنے میں مشغول ہیں۔ اس کا سالانہ خرچ … ڈالر ہے۔ بڑے بڑے لائق و فائق عالم اس کے پروفیسر ہیں اسکے لئے … ڈالر کے جمع کرنے کی اپیل کی گئی ہے کیونکہ اس … اخراجات پہلے کی نسبت زیادہ ہوتے ہیں۔ اگرچہ ولایت میں بہت سی سیمنریاں ہیں مگر جنیوا کی سیمنری ایک مشہور درسگاہ ہے جو خداوند کے لئے بڑا کام کر رہی ہے۔



پنجاب ایجوکیشنل جنرل بابت ماہ مئی سنہ ۱۹۱۲ء سے معلوم ہوا ہے کہ نئی تصنیفات کی حوصلہ افزائی کے لئے سرکار نے ۱۰۰ ۲ روپیہ مصنفوں کو بطور انعام عنایت فرمایا ہے جس میں سے ۱۰۰ ۲ روپیہ اردو کتابوں کے مختلف مصنفوں کو دیا گیا اور ۵۰۰ روپیہ ہندی اور ۵۰۰ گرمکھی کتابوں کے مصنفین کو دیا گیا بڑی خوشی کی بات ہے کہ اب ان زبانوں میں بھی علمی سرمایہ جمع ہوتا جاتا ہے جس کی ضرورت محسوس کر کے ہمارے ملک کے علم دار لوگوں کو اس طرف شوق دامنگیر ہوا ہے اور امید ہے کہ پھر اسی طرح سے شوق بڑھتا رہا تو بہت کچھ کیا جاویگا

اسی جنرل میں یہ بھی خبر ہے کہ گورنمنٹ پنجاب نے سکرٹری آف سٹیٹ کی منظوری سے خاص امپیریل گرانٹ میں جو پنجاب گورنمنٹ کو یونیورسٹی کے لئے دینا پڑتا ہے تین آئندہ سالوں کے لئے ۰۰۰ ۲ روپیہ عنایت کیا ہے جو کہ ٹیوٹوریل پر خرچ کیا جاویگا جس کا منشا ہے کہ ہماری گورنمنٹ تعلیم کے مفید کاموں میں حصہ لینے میں ساعی کوشاں ہے جو رعیت کی بہبودی کا اعلیٰ ذریعہ ہے۔

ذیل کے ہندوستانی ڈیلیگیٹس ایڈنبرگ ورلڈ مشنری کانفرنس میں حاضر ہونے کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔

۱۔ امریکن پریسبیٹیرین مشن کی طرف سے ڈاکٹر کے۔ سی۔ چیٹرجی صاحب ڈی ڈی۔ اور پادری خوشو امجی شوبی صاحب

۲۔ سینٹ ویسٹ ایپسکوپل چرچ کی طرف سے پادری جے۔ آر چیپ مین صاحب

۳۔ کیمبرج کی طرف سے پادری ایس گھوس صاحب۔

۴۔ سی۔ ایم۔ ایس کی طرف سے مسٹر کے آر سوسائی صاحب

۵۔ امریکن بپٹسٹ آسام کی طرف سے پادری تہیاں خاں صاحب۔

۶۔ امریکن بپٹسٹ برما کی طرف سے پادری آئی۔ اے۔ پی۔ اے بسن صاحب

دینی سوال و جواب

ایڈیٹر ریویو آف ریلیجنز کو جواب

اور فوقیت کی وجہ خاص محمد صاحب کی ذات میں نکلتی ہے کہ اس شخص کی طرف فوقیت منسوب ہوتی ہے کہ اس نے اکو قتل نہ کیا اور جس حال میں کہ وہ دیکھ رہا تھا کہ محمد صاحب کا دشمن کا میاب ہوتا ہے اور قریش کثیر جاتے ہیں تو ان کے ساتھ اس کا آغاز حکمت سے خالی نہ تھا اس نے وہ خطرات سے بچنے کے لئے خاص حفاظت میں آگیا اور اپنا فائدہ بھی دیکھ لیا۔ اس میں کچھ خاص بات نہیں ہے اور نہ محمد صاحب کا شرافت ہوتا ہو اور نہ اس شخص کی تعریف ہو۔

قول۔ دعثور کے واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کمال درجہ کے حلیم و کریم تھے اور یہ کہ اگر آپ سے کفار سے جنگ کی تو یہ سبب ہو کہ جب آپ نے دشمن پر قابو پایا یعنی دشمن بیچارہ آپ کو قتل کر دینا چاہتا تھا آپ نے اس کو کامل رحم سے معاف فرما دیا پس آپ کا وہ جنگ سے کفار کو قتل کرنا اس کا مل نشا معاذ اللہ نہ تھا۔ جس طرح آپ نے اس موقع پر شخص کے قصور کو معاف کر دیا ویسا ہی آپ نے فتح مکہ پر تمام خونی لوگوں کے قصور معاف فرما دیئے۔

اقول۔ اگر ایسا ہی ہوتا تو بہتر تھی بے شمار لڑائیاں جو حضرت محمد کو کرنی پڑیں کیوں ہوئیں اور ان کے بعد بھی مسلمانوں کو بے شمار خونریزی کرنیکا کیا مطلب تھا۔ ہم اس کا نام نہیں ہے کہ کسی پر رحم کیا اور بہتوں کو تہ تیغ کر دیا اور موقع بموقع کشت و خون برابر جاری رکھا اسلام نے تو شروع ہی سے دوستی کی سرگرمی اور بہادری کا بیڑہ اٹھایا تھا۔ ہم کو تو رحم دشمنان ان واقعات میں نظر نہیں آتا۔ ورنہ کیوں جنگ غزوہ اور بدر ہوئے کتنا کشت و خون ان میں ہوا جس کا حساب حد سے گزر جاتا ہے۔

قولہ۔ ایک منصف انسان صرف اس امر سے اندازہ لگا سکتا ہے کہ آپ کی لڑائیاں کسی جبر وکراہ کے لئے نہ تھیں آپ کی فطرت پر رحم غالب تھا۔

اقول۔ ایڈیٹر صاحب برائے مہربانی رحم کی دو چار مثالیں اگر اپنی باتوں کے ثبوت میں دے دیتے تو بہتر ہوتا۔ اگر محمد صاحب کے تمام احوال میں سے کھوج کر ڈھونڈا بھی جاوے کہ کہاں رحم نکالا جاوے تو بہت مشکل کسی ایسا واقعہ ہوگا۔ ہم تو اس سے دور ہیں جو ہمیں معلوم ہوا ہے اور کلام نظر آتا ہے کہ جہاں کو خدا کے حکم سے کہکر دینا بھی پیش ہوا ہے گو تاہم ہمارا اعتراض دونوں صورتوں میں یکساں رہتا ہے۔

قولہ۔ یہ رحیم و کریم سے بعید ہے کہ خود بخود لوگوں کے ساتھ انکو قتل کرنے اور لوٹنے کی غرض سے لڑائی پیدا ہووے ورنہ قدرت پاکر اپنے دشمنوں کو آپ کیوں چھوڑ دیتے؟

اقول۔ قتل کرنے کا حکم بزرگ قرآن خدا کی طرف سے ہو چکا تھا اور جس کا حکم اگر ہو تو وہ ایڈیٹر صاحب ذکر کر دکھلاویں اس اسلام قبول کرو ورنہ جزیہ دو اس کے سوا بہت کی کوئی صورت ہی نہ تھی۔ اس رحیم و کریم کہنا اسلام ہی کا انصاف ہے۔ لڑائی چھیڑنے کی نسبت ہم بار بار عرض کر چکے ہیں کہ اہل اسلام دوسروں کو زیر کرنے کے خود چڑھائی کرتے رہتے تھے اور یہ کہکر کہ ہم اپنی حفاظت کرتے ہیں اپنی بریت کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ اگر وہ تیز لڑتے مارتے اہل اسلام ایسا کہہ سکتے تھے تو اسی طرح سے قریش بھی کہہ سکتے تھے اور حق پر رہتے۔

قولہ۔ یہود جنکو دشمنان اسلام کے ساتھ خاص ہمدردی ہو شکایت کرتا ہے کہ مسلمانوں نے قریش کے قافلوں کی آمد و رفت کو روک کر بجائے قریش کا قافیہ تنگ کر دیا۔

اقول۔ جبکہ میور صاحب ایک واقعات کا صحیح بیان کرتے تو وہ دشمنان اسلام کے ہمدرد ہو گئے پر یکہ وہ اسلام کے حق میں کچھ کہتے ہیں تو وہ یک دلیل صداقت کی نکلتی ہے ایسے فیصلے

اقتباس

بخیلوں کی حرص

دولتمند لالچیوں بخیلوں کی زندگی اس دنیا میں خوشی و اطمینان کی زندگی نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ دولت کے غلام بن جاتے ہیں۔ اور دولت خانوں کی کنجیاں اپنے پاس رکھتے ہیں۔ اور وہ خود اس مشہور مثل کے مطابق۔ "وہ باورچی خانہ میں بھوکے مرتے ہیں"۔ یہ بدبخت ہیں۔ ایک عقلمند آدمی خیال کر سکتا ہے۔ کہ اگر دولت کوئی فایدہ دے سکتی ہے تو یہ ہے کہ وقت ضرورت کام آوے اور بھوک پیاس غم و فکر کے وقت کام آوے۔ مگر افسوس کہ بخیلوں کو دولت ایسے وقت بھی فایدہ نہیں دیتی اور وہ اپنے اوپر دولت کے ہوتے ہوئے بھی انھیں برداشت کرنیکا موقع نہ دیتے ہیں۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ آدمی دولت کے لئے کیوں اتنا فکرمند رہا ہے۔ تھا کہ جب دولت حاصل ہوئی تو حرص ختم ہو جانا چاہیے تھا پر ایسا نہیں ہوتا۔ بلکہ بخیل زیادہ حریص ہو جاتا ہے۔ کہ دولت کے بارے میں اس کی خواہش پوری ہو جاوے تو وہ خواہش زیادہ حاصل کرنے کے واسطے ہو جاتی ہے اور علی ہذا ویسا ہی ہے جیسا کہ پانی اور دولت سیر تسلی کو کھو دیتی ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ اگر آدمی چراغ کو جلانے کے لئے تیل اس میں ڈالتا ہے تو وہ چراغ اور بھی زیادہ جلتا رہیگا۔ ایسا ہی حال بخیل کا ہے اور ایسا ہی شرابی جو اپنی خواہش مٹانے کے لئے شراب نوشی کرتا ہے پر وہ خواہش زیادہ بڑھتی جاتی ہے۔ اسی طرح سے دولت کی خواہش کبھی کم نہیں ہوتی پر زیادہ ترقی کرتی جاتی ہے اور بخیل کبھی سیر نہیں ہوتا۔

ٹی۔ ایڈمس۔

مراسلات

ارکان ستہ

بخاری اور مسلم میں عمر فاروق سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اسلام یہ ہے کہ تو اس کی گواہی دے کہ سوائے خدا کوئی بندگی کے لائق نہیں اور محمد خدا کا رسول ہے۔ اور یہ کہ نماز کو ٹھیک پڑھے اور زکوٰۃ دیوے اور رمضان کا روزہ رکھے اور خانہ کعبہ کا حج کرے اگر تجھ کو اس کی راہ کی طاقت ہو۔ حضرت نے جبرائیل سے کہا جبکہ جبرائیل حضرت کے پاس مرد کی صورت پر آئے تھے سو انہوں نے کہا کہ تم نے سچ کہا جبرائیل نے کہا تو مجھ کو ایمان کی حقیقت بتلایئے۔ حضرت نے فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ تو مانے اللہ کو اور اس کے فرشتوں کو اور اس کی کتابوں کو اور اس کے پیغمبروں کو اور پچھلے دن کو یعنی قیامت کو اور تقدیر کو مانے بھلی یا بری۔ جبرائیل نے کہا تم نے سچ کہا۔ جبرائیل نے کہا تو احسان و اخلاص کی حقیقت فرمایئے۔ الخ۔

پوری روایت یوں ہے کہ عمر فاروق نے کہا کہ ہم حضرت کے پاس بیٹھے تھے کہ ایک مرد نمود ہوا۔ نہایت سفید کپڑے اور کمال سیاہ بال رکھتا اس پر کچھ سفر کا اثر معلوم ہوتا تھا۔ اور ہم سے کوئی اس کو پہچانتا تھا۔ سو چلا آیا یہانتک کہ حضرت کے پاس بیٹھا اور گھٹنوں سے ملا کر اور اپنی دونوں ہتھیلیاں حضرت کے زانو پر رکھیں اور کہا اے محمد مجھ کو اسلام کی حقیقت بتلا۔ حضرت نے یہ حدیث فرمائی۔ عمر فاروق نے کہا پھر وہ مرد چلا گیا اور میں دیر تک حیرت میں بیٹھا رہا پھر حضرت نے فرمایا اے عمر تو جانتا ہے کہ یہ پوچھنے والا کون تھا میں نے کہا کہ خدا اور اس کا رسول ہی زیادہ تر جانتا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ یہ جبرائیل تھا جو تمہارے پاس آیا تھا۔

دیکھو [illegible] مشارق الانوار حدیث ۱۲۵۶

القصہ حضرت دن کو داخل مدینہ ہوئے اس کے بعد حضرت جبرائیل جامہ سفید پہنے خوشبو لگائے بکمال حسن و جمال بال ہوئے سیاہ تشریف لائے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت قریب زانو سے زانو ملا کر اور دونوں ہاتھ اپنے زانوئے مبارک پر رکھکر ایمان اور اسلام اور احسان اور قیامت اور علامات قیامت سے سوالات کرتے رہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے۔ اور میں اکثر وقت پہچان لیتا تھا۔ لیکن آج میں نے کسی طرح نہیں پہچانا۔ غائب ہو جانے سے معلوم ہوا کہ یہ جبرائیل تھے۔ تفریح الاذکیا فی احوال الانبیاء چھاپہ نولکشور جلد ۲ صفحہ ۳۱۰۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احزاب سے فراغت کر داخل مدینہ ہوئے ہیں تو وقت ظہر تھا حضرت نے اپنے ہتھیار کھولے اور غسل فرمایا۔ دفعتہ ایک شخص نے باہر دروازے سے سلام کیا کہ آپ جلدی سے چلے میں پیچھے پیچھے چلی دروازے تک گئی تو میں نے دیکھا کہ دحیہ کلبی یا [illegible] سفید اونٹ پر سوار کھڑے ہیں اور تنگ کے دانتوں پر گرد بھی ہے۔ حضرت سے باتیں کرتے ہیں اور حضرت اپنی چادر سے انکی گرد جھاڑتے ہیں پھر وہ چلے گئے اور حضرت گھر میں آئے اور فرمایا کہ یہ حضرت جبرائیل تھے۔ کتاب ایضاً جلد ایضاً صفحہ ۳۱۴

کہ فرمایا ابن عباس نے ایک مرتبہ میں رسول خدا کے پاس سفید کپڑے پہنے اور حضرت دحیہ کلبی سے۔ [illegible] اور وہ جبرائیل تھے۔ سو جبرائیل نے حضرت سے کہا کہ یہ ابن عباس ہیں۔ اگر سلام کرتا تو ہم جواب دیتے اور کپڑے خوب سفید ہیں اور بعد میں ان کے پہننے کی اولاد اس کی کپڑے سیاہ۔

باقی آئندہ

مُنّی

یہاں سے مُنّی کے بارے میں کئی ایک باتیں معلوم ہوتی ہیں (۱) مُنّی کو تشبی بھی کہتے ہیں کیونکہ اُس کے بال لمبے لمبے ہوتے تھے (۲) وہ بے شمار نذر ادا کرتے تھے۔ (۳) وہ پیتلوں اور جوے دیکھے جا کر مشرق و مغرب کے سمندروں میں رہا کرتے تھے۔ اور ہوا کے گھوڑوں پر سوار کیا کرتے تھے۔ پہاڑوں اور گدھوں کی وہ سواری کرتے تھے۔ (۴) وہ آگ پانی آسمان اور زمین کو سنبھالتے اور نور کی دنیا سے منسلک ہیں۔ پھر رگ وید منڈل ۱۰ منتر ۹۰ وچار میں جگنی کے معنے میں وہ شخص جو تعریف کرتا ہے "منی وہ شخص جو تمام رات دن دھیان لگاتا ہے۔ وہ موت کے بعد نرک کو نہیں جاتا کیونکہ اُس کے تمام گناہوں کا کفارہ ہو گیا ہے" (ذ شنو پران ۲۲ ۶ صفحہ ۱۰۲)۔ منیوں کا مسکن دودھ کے سمندر کے کنارے ہے۔ جہاں سمندر کی جھاگ مثل پھولوں کے نظر آتی ہیں۔ اور وہ انگور کھاتے ہیں اس لئے وہ جھاگ پینے والے کہلاتے ہیں (مہابھارت ۱۲ ۵۱۱۲)۔ یہ لوگ ایسی سخت قسم کی تپسیا کیا کرتے ہیں کہ دیوتا بھی اُن سے ترساں ہوتے ہیں (دیکھو شلوک ۹)۔

مہابھارت (آدی پرب ۸۱۔ ۱۰ سے ۱۸) میں مُنّی کے خواص اور قسموں کا ایک مختصر سا ذکر آیا ہے جو نہایت قابل غور ہے اور وہ یہ ہے سچا منی وہ ہے جس کے پاس وہ تمام چیزیں ہیں جو گاؤں سے علاقہ رکھتی ہیں۔ خواہ وہ جنگل ہی میں کیوں نہ رہتا ہو اور وہ سب چیزیں بھی رکھتا ہو جو جنگل سے علاقہ رکھتی ہیں۔ خواہ وہ گاؤں ہی میں کیوں نہ رہتا ہو۔ منی اپنے آپ کو دنیاوی اشیاء سے کنارہ کش کر کے جنگل میں رہتا ہے لیکن اگر وہ گاؤں کی چیزوں کو اپنے قبضہ میں لانے کی ہرگز خواہش نہیں کرتا تو بھی وہ کوئی تپسیا کی طاقت سے حاصل کرے۔ سچا منی تمام زمینی چیزوں سے کنارہ کش ہو کر گاؤں میں سادہ اور فقیرانہ زندگی بسر کر سکتا ہے۔ صرف کوئی ہی ایسا کوہ خیال کرتا ہے کہ میں نے نہایت ہی بیش قیمت یوگ جنم ہی ہوں وہ صرف اتنی ہی امر اک پر قناعت کرتا ہے جو زندگی کے قائم رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ باقی آئندہ

صُحبت کا اثر

دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں جس کا اثر تھوڑا بہت دوسری چیز پر نہ پڑے۔ اگر جس کوئی چیز رکھنے سے مہک جاتی ہیں نمک اور شے نمکین ہو جاتی ہے۔ تو اس طرح یہ بات بھی قابل یقین ہے کہ خوشبودار اشیاء کی چیزوں میں کوئی شے رکھی جائے تو وہ خوشبودار ہو جائے۔ ایک حکیم نے اپنی شیریں زبان سے کیا ہی خوب فرمایا ہے کہ یہ بات بالکل سلیم کے ذہن میں ہے کہ گندم کے گرد سے کے پاس بیٹھو گے تو گرد پھانکو گے اور عطر فروش کے پاس بیٹھو گے تو خوشبو میں رہو گے۔ تاہم دوستی کا نسبت یہ جاننا چاہئے کہ ہم نے دیکھ لیا کہ صحبت صرف دو ہی قسم کے اثر پیدا کرتی ہے۔ نیک یا بد۔ اور ہم کو تعجب ہے اہم یہی افسوس کرتا ہے کہ انسان جو اشرف المخلوقات ہے ان تاثیروں سے محفوظ نہیں ہو سکتا یہ قاعدے کی بات ہے کہ ہر شخص اپنی عقل اور دوسروں کے مال کو زیادہ گردانتا ہے اور اسی مغالطے میں پڑ کر وہ صحبت کی پرواہ نہیں کرتا۔ بہت ایسے اعلیٰ اشخاص ہیں جنہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ ہم کسی کی صحبت سے متاثر ہو نہیں سکتے لیکن افسوس صد افسوس کہ آخر کار اس خیال میں جکڑے گئے جو بدی کو دیکھنے کے عادی تھے لازم خود بھی بد ہو جاتے ہیں۔ اور یہی حال تماش بینوں جوئے بازوں اور عیبوں کی صحبت سے ہر فرد بشر کا ہوتا ہے۔ برعکس اس کے مل نیکی سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ سچائی اور نیکی اتنی متاثر نہیں ہوتی جتنی کہ بدی۔ سبب صرف یہی ہے کہ نیکی ایک روحانی نیکی انسانی دفتر ہے خواہشوں کو قطع نظر کرنے والی ہے۔ ظاہر میں گو کڑوی ہے لیکن عاقبت کو سنوارتی ہے جس کے باعث اس دنیا کے لوگ اس کو حاصل کرنے میں بہت سستی کرتے ہیں۔ تاہم نیک صحبت کا اثر کچھ نہ کچھ ضرور ہوتا ہے۔ مثلاً ایک ان پڑھ شخص ہو اور اگر قضا کار اس کو تعلیم یافتہ صحبت میسر ہو۔ بلا شک کتابوں کا مطالعہ شروع کرے گا اور اس کی نشست و برخاست میں بھی بہت فرق ہو جائے گا۔ جیسے انسان کی طبیعت نیکی سے متنفر ہے۔ ویسا ہی بدی کا شوقین ہے زندگی بھر تاریخ میں ایک زمانہ میں جہالت کا دور دوراں رہا۔ [illegible] کی زندگی پر غور کرو کہ شاگرد اپنے استاد سے فیض اٹھاتا ہے۔ عابد کی صحبت سے انسان عبادت کرنے والا بن جاتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس جیسے کل حیوانات اپنی جنس کو پسند کرتے ہیں۔ چنانچہ یہ مثل مشہور ہے ؎

کند ہم جنس باہم جنس پرواز

اس طرح ہر انسان بھی اپنے ہم خیال اور بالخصوص اپنے ہم پیشہ سے رابطہ اتحاد پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اگر انسان علماً ترقی رکھتا ہو تو اس پر واجب اور لازمی ہے کہ وہ اپنے سے زیادہ دانشمند تجربہ کار معتبر اور نیک خیال کی صحبت میں داخل ہو جائے اور جیسا اس کو فرض ہے ویسا ہی لازم انسانیت کو انسانیت کے حاصل کرنے میں مختلف شائستہ مجلسوں سے علم مجلسی کا حاصل کرنا لازم ہے جب ہر ایک صحبت کا اثر ضروری ہے تو یہ بعید از عقل ہے کہ قوم کے بدخواہوں سے فائدہ نہ اٹھایا جائے اپنے سے ضروری اور بہتروں کی ہمنشینی کو غنیمت نہ شمار کیا جائے۔ انسان چونکہ مدنی الطبع پیدا ہوا ہے اس واسطے اس کے لئے صحبت اور مخالطت بنی نوع سے چارہ نہیں ہے۔ ایسا نہ ہوتا تو انسان حوائج انسانی سے لاچار ہو جاتا اور کوئی ایک دوسرے کی معاش اور معاد کے بارے میں مدد نہ کرتا۔ جو لوگ انسانی صحبت سے متنفر ہیں اور دنیاوی تعلق کے ہوتے ہوئے گوشہ نشینی اختیار کرتے ہیں جنہیں وحشی کہنا بجا ہے۔ گو صحبت منصب اور حیثیت کے موافق موزوں ہوتی ہے۔ گو اپنے سے بڑے کے پاس بیٹھنے میں عزت و دانش اور معلومات کی زیادتی ہوتی ہے اور کم مایہ رذیلوں جاہلوں اور بدبختوں کی صحبت انسانی شرف و عزت کو ضائع کر دیتی ہے۔ اب سے ناظرین یہ کہنا باقی رہا کہ اہل الذکر صحبت ہم کہاں سے پاتے ہیں ہم نے مان لیا کہ دنیا میں سب گنہگار ہیں۔ تو ہم کس کی صحبت اختیار کرنی چاہئے جو ہم کو صرف اس مرض گناہ اور خطا سے شفا بخشے خداوند یسوع ایک اعلیٰ منبع ہے جو آفتاب کی مانند

بلکہ ہمیں صداقت ہی جس کے ساتھ رابطہ اتحاد رکھنے میں ہم کو نہ صرف اس دنیا میں فائدہ ہوگا بلکہ آنے والی دنیا میں وہ نتائج حقیقی ہونگے جس کا وعدہ اُس نے اپنے پاک کلام میں کیا ہے اے صاحبان وہ سچی حقیقت وہ جاری صحبت کا نمونہ ہے گا یسوع مسیح ہی ہے ۔ صرف اُسی کی صحبت اور قربت کو سب گناہوں اور بدیوں سے نجات بخشتی ہے اُسی کی کامل اور عجیب قدرت ہم کو گرم آپ کو دنیا مربی ہاں میں اس دنیا میں وہ وہ باتیں کر اور کہہ سکیں گی جس سے دنیا میں ایک عجیب کا عالم ہو جائیگا ۔ ایک بڑا مورخ کہتا ہے کہ میں بہت لکھوں اور عقلمندوں کی صحبت میں رہتا تھا لیکن تو بھی جب کوئی کسی قسم کی سیری دل نہ ہوئی لیکن جب میں نے اُس شخص کا جو میرے گناہوں کے واسطے موا اس پکڑا اور رات دن اُسی کی صحبت میں بیٹھ رہا تو اب ملاقات میں لگا ہا تو مجھے تسلی تشفی ہوئی ۔ بیشک اس بڑے عالم کا تجربہ سچا اور بالکل برحق ہے یسوع مسیح جو کہ حقیقی ماہیت ہم کو عبادت کرنے کی جو عنایت کرتا ہے ۔ وہ جو زمانہ بدرو رکا تھا اور ظلم اور بدیاں میں آگیا تھا ہمارے واسطے ایک نمونہ دیتا ہے ۔ جس کو پکڑ کر ہم دنیا میں ظاہری جھگڑوں اور غصوں سے چھٹکارا پاتے ہیں ۔

راقم پی رام لال چوپڑہ

ایک بیش قیمت ہیرا

ایک گھسیارا ایک دفعہ گھاس کے لئے جنگل میں جایا کرتا تھا ۔ اور جن جن جگہ نہ کا گھاس ختم ہوا اور جہاں وہ کرتا تھا ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وہ ایک گھنے جنگل میں جا نکلا اور چاروں طرف ہری ہری گھاس دیکھکر نہایت خوش ہوا جونہی اس نے کھودنا شروع کیا تو اس کی نظر ایک خوبصورت پتھر پر پڑی ۔ اور خوشی سے دوڑ کر اُسے اٹھا لیا ۔ اور خوب ہو سے اُلٹ پلٹ کرکے دیکھنے لگا اس سے پیشتر وہ ہیرے کی تعریف بھی کبھی سن چکا تھا اور وہ یہ سمجھکر کہ مجھے ایک بیش قیمت ہیرا مل گیا نہایت خوش ہوا ہیں عمر بھر کی روٹیاں ہاتھ آگئیں ۔ اب آرام سے زندگی بسر کرونگا

اسی وقت گھسیارا چھوڑ جنگل شہر کی طرف روانہ ہوا ۔ اور گھر میں ہیرا بیچ کر سے روٹی سے پیٹ کر دو پیسے بند کرکے جوہری کی دکان پر پہونچا اور ہیرا نکالکر جوہری کو دکھایا اور کہا کہ بیچنے کی غرض سے میں یہ ہیرا آپکے پاس لایا ہوں ۔ جو بھی قیمت اس کی ہو آپ عنایت فرمادیں اور اس ہیرا کو لیکر اپنی دکان کو رونق دیں جوہری اس ہیرے اور گھسیارے کی طرف دیکھکر بڑا حیران ہوا کیونکہ درحقیقت وہ ہیرا نہیں تھا ۔ صرف ایک معمولی پتھر تھا ۔ اب وہ چونکہ اُس سے صاف کہہ دوں کہ یہ پتھر ہے تو اس کو بڑا بھاری رنج ہوگا کوئی ایسا انتظام کریں کہ وہ رفتہ رفتہ خود ہی معلوم کرے کہ یہ پتھر ہے ۔ جوہری بڑا عقلمند اور دانا شخص تھا گھسیارے سے کہا کہ تم اس ہیرا کو میرے ہیروں میں رکھ دو ۔ اور جب کوئی خریدار آئیگا تو میں قیمت وصول کرکے تمہیں دیدونگا اور جب تک کوئی خریدار آوے تم میری دکان میں کام کرو ۔ چنانچہ وہ کئی ماہ تک اس کی دکان میں کام کرتا رہا یہاں تک کہ اس کو سب قسم کے ہیروں سے واقفیت ہوگئی ۔ اتنے میں ایک مہاراجہ نے اس قسم کا ایک بیش قیمت ہیرا طلب کیا تب جوہری نے گھسیارے سے کہا کہ اب اپنا ہیرا لاؤ ۔ اور جب اس نے اُسے جاکر دیکھا تو اس کا چہرہ زرد ہوگیا ۔ اور بڑے افسوس کے ساتھ جوہری سے یوں مخاطب ہوا کہ جناب میں اس کے عوض پیسہ تو چھوڑا ایک دھیلے کا بھی نہیں ۔ اور میں آپ کی اس شفقت کے لئے آپ کا نہایت مشکور ہوں ۔ کیونکہ آپ کے وسیلے سے میری سخت نادانی و جہالت مجھ پر ظاہر ہوگئی اور اب میں باقی زندگی اسی آپ ہی کے زیر سایہ بسر کرونگا ۔

یہ دیکھکر دل کو نہایت خوشی ہوتی ہے کہ آجکل تمام دنیا سب مذہب کے لوگ ایک بیش قیمت ہیرے یعنی ہمیشہ کی زندگی کی تلاش میں لگے ہوئے ہیں ۔ بعض کہتے ہیں یہ بیش قیمت ہیرا ہم نے ویدوں میں پایا اور بعض کہتے ہیں کہ قرآن میں اور بعض یہ کہ ہم نے گرنتھ میں پایا غرضیکہ سب اپنے اپنے علم و ایمان کے مطابق اس کہا کرتے ہیں مگر خدا جو غضب کرنے میں دھیما اور شفقت میں دراز جوہری ہے ہمیں اجازت ہے (زبور ۱۰۳: ۸) یہ چاہتا ہے کہ سارے آدمی نجات پائیں اور سچائی کی پہچان تک پہنچیں (۱ تمطاؤس ۲: ۴) اور وہ کسی کو گمراہ یا نادرست فرماکر اس کی ہمت نہیں توڑنا چاہتا ۔ بلکہ چاہتا ہے کہ وہ میری دی ہوئی عقل کو تیز اور میرے روحانی اور ہستی میں امتیاز کرنے کے لئے استعمال میں لائیں اور میں جو آفتاب صداقت ہوں اپنی روشنی اُن کی عقل پر ڈالونگا جس سے کہ رفتہ رفتہ اُن کے تمام نقص اور نادانیاں اُن پر ظاہر ہوجائینگی اور خدا اسی طرح جس قدر وہ وید اور دیگر مذہبی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں عجیب طور سے اُن کی نادانی و جہالت کو اُن پر ظاہر کرتا ہے اور کرتا رہیگا جب تک کہ وہ اس پتھر کی حقیقت کو معلوم نہ کریں جس کو وہ بیش قیمت ہیرا سمجھے بیٹھے ہیں ۔ اے عزیزو مت سمجھو کہ آریہ سماج یا دیگر مذاہب والے مسیحی مذہب کی ترقی کے راستے بند کر رہے ہیں ۔ ہرگز نہیں ۔ بلکہ وہ راستوں کو زیادہ کشادہ کر رہے ہیں ۔ تاکہ اس نجات کی خبر دنیا کی حدود تک پہنچے اور خدا اپنی عجیب حکمت سے اُن کے ذریعہ سے اپنا کام کر رہا ہے ۔ جس کا اُن کو خیال تک بھی نہیں ۔ ہاں وہ وقت نزدیک ہے کہ ہر ملک اور ہر قوم کے لوگوں کا گھٹنا مسیح مصلوب کے آگے ٹکیگا تب وہ ہمارے ساتھ یک زبان ہوکر کہیں گے کہ اے خدا اور ہمیشہ کی زندگی کی باتیں تو تیرے ہی پاس ہیں ہم کس کے پاس جائیں ۔ (یوحنا ۶: ۶۸ آیت)

راقم فقیر جعفر سنگھ بی ۔ آئی ۔ مسیحی

رباعیات

جاں لے جو دنیا پیدا کرتے ہیں　　بے غیب ہو صورت وہ نظر آتے ہیں
آجاتے تھیں جو شخص ہو بے غائب　　دنیا میں وہ جنت میں رہا کرتے ہیں

رو نہ انکو جو لوگ فنا کہتے ہیں　　در اصل حقیقت سے سو آگہے ہیں
مصلوب ہو گر ساتھ مسیح کے جیتا　　ہم ایسی فنا کو بھی بقا کہتے ہیں

یوسف دانی ایل صولت (لکھنوی)



عیسائی نوجوان اور اُن کے واسطے کام

جناب ایڈیٹر صاحب۔

